روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 7 ستمبر 2007ء 24 شعبان 1428 ہجری 7 تبوک 1386 ہش جلد 57-92 نمبر 204

کثرت سے مانگو

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔

جب تم میں سے کوئی دعا کرے تو وہ کثرت سے مانگے کیونکہ وہ اپنے رب سے مانگ رہا ہے۔

(مسند عبد بن حمید جلد1 صفحہ 434 حدیث نمبر:1496)

جماعت جرمنی نے نظام وصیت میں شمولیت کا ٹارگٹ پورا کرلیا ہے

آج احمدیوں کی دعائیں ہی ہیں جنہوں نے دنیا کی کایا پلٹنی ہے

اپنی دعاؤں کو ثمر آور بنانے کے لئے خداتعالیٰ کے پیغام کو پہنچانے میں جُت جائیں

32 ویں جلسہ سالانہ جرمنی کے تیسرے روز حضور انور کے اختتامی خطاب فرمودہ 2 ستمبر 2007ء کا خلاصہ

حضور انور کے خطاب کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کررہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 2 ستمبر 2007ء کو جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ جرمنی کے موقع پر اختتامی خطاب ارشاد فرمایا جس میں حضور انور نے فرمایا کہ مخالفت کے باوجود جماعت احمدیہ ترقی کرتی چلی جارہی ہے۔ حضور انور کے خطاب سے قبل حضور کی موجودگی میں سابق اٹارنی جنرل بلغاریہ نے اپنے تاثرات بیان کئے جس کا اردو ترجمہ مکرم طاہر احمد صاحب مربی سلسلہ بلغاریہ نے پیش کیا۔ جماعت احمدیہ جرمنی کے تعلیمی میدانوں میں پوزیشنز حاصل کرنے والے نوجوانوں کو حضور انور نے میڈلز اور تحائف عطا فرمائے۔ تلاوت ونظم کے بعد حضور انور نے اختتامی خطاب شروع فرمایا۔ حضور انور کا یہ خطاب اور جملہ کارروائی ایم ٹی اے نے دنیا بھر میں بسنے والے کروڑوں احمدی احباب کو براہ راست دکھائی اور حضور انور کے خطاب کا مختلف زبانوں میں ترجمہ بھی پیش کیا گیا۔

حضور انور نے اپنے خطاب کے آغاز میں سورۃ المومن کی آیت نمبر 52 تلاوت فرمائی۔ حضور انور نے جماعت احمدیہ کی مخالفت اور احمدیوں کو دی جانے والی مشکلات کا تفصیل سے تذکرہ کیا اور فرمایا تمام دنیا کے لئے ہر احمدی بہت دعائیں کرے، بہت دعائیں کریں اور بہت دعائیں کریں، یاد رکھیں آج احمدیوں کی دعائیں ہی ہیں جنہوں نے دنیا کی کایا پلٹنی ہے، پس اپنی دعاؤں پر بہت توجہ دیں۔ پھر ان دعاؤں کو ثمر آور بنانے کے لئے خداتعالیٰ کے پیغام کو پہنچانے میں جُت جائیں۔

حضور انور نے فرمایا میں نے تین سال پہلے جماعت کو اس طرف توجہ دلائی تھی کہ خلافت اور وصیت کے نظام کا آپس میں گہرا تعلق ہے اس لئے دنیا کی تمام جماعتیں چندہ دہندگان کا نصف موصی بنائیں اور آج میں بڑی خوشی سے اعلان کرتا ہوں کہ جرمنی کی رپورٹ کے مطابق جماعت جرمنی نے کل جلسے کے دوسرے دن یہ ٹارگٹ حاصل کرلیا ہے۔

حضور انور نے فرمایا آج جماعت احمدیہ امریکہ کا بھی جلسہ سالانہ ہو رہا ہے، ان کا بھی اختتام ہے۔ جو میں نے اس تقریر میں پیغامات دیئے وہ ان کے لئے اور ساری دنیا کے لئے ہیں لیکن اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے میں امریکہ کو یہ بھی پیغام دیتا ہوں کہ اے امریکہ میں رہنے والو! اور اے ایفرو امریکن احمدیو! اگر آپ غور کریں تو کہیں گے کہ ہمیں حقیقی آزادی حضرت مسیح موعود کی غلامی میں آکر ملی ہے، آپ کی جماعت میں آکر ملی ہے، پس اس آزادی کی حفاظت کریں اور اس آزادی کے پیغام کو اپنے ہم قوموں اور دیگر قوموں میں بھی دیں۔ حضور انور نے خطاب کے آخر پر مختلف احباب کے لئے دعاؤں کی تحریک فرمائی اور اختتامی دعا کرائی۔

حضور انور نے جلسہ سالانہ جرمنی کی حاضری بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ امسال جلسہ جرمنی میں کل 26 ہزار 431 احباب تشریف لائے ہیں۔

اس کے بعد حضور انور لجنہ کی مارکی میں تشریف لے گئے۔ جہاں بچیوں نے نغمے پیش کئے۔

46 ویں ٹیچرز ٹریننگ کلاس

46 ویں ٹیچرز ٹریننگ کلاس ربوہ میں 15 تا 30 ستمبر 2007ء منعقد کی جارہی ہے یہ ماہ رمضان کا نصف اول ہوگا اور اس مہینہ کو قرآن سے خاص مناسبت ہے۔ اس کلاس کے طلباء کو عربی تلفظ کی خصوصی ٹریننگ کے ساتھ عربی گرائمر اور قرآن کریم کا لفظی ترجمہ بھی سکھایا جائے گا۔ تمام اضلاع کے امراء کرام اور سیکرٹریان تعلیم القرآن سے درخواست ہے کہ وہ اپنے اپنے ضلع سے اس کلاس کیلئے کم از کم دو ایسے نمائندگان ضرور بھجوائیں جو قرآن کریم ناظرہ جانتے ہوں اور واپس جاکر سکھانے کیلئے تیار ہوں۔ کلاس کے طلباء ٹریننگ کے بعد اپنی اپنی جماعت میں احباب کو قرآن کریم ناظرہ اور باترجمہ سکھانے اور مزید اساتذہ تیار کرنے کا کام کریں گے۔ کلاس میں شرکت کرنے والے طلباء امیر صاحب ضلع یا صدر جماعت کا تصدیقی خط اپنے ہمراہ ضرور لائیں اس کے بغیر کلاس میں شرکت ممکن نہ ہوگی۔ آنے والے طلباء کلاس کا ضروری سامان مثلاً سادہ قرآن کریم، نوٹ بک اور قلم وغیرہ ضرور ہمراہ لائیں۔

(نظارت اصلاح وارشاد تعلیم القرآن ووقف عارضی)

سیمینار بابت VOIP

ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز (ربوہ مجلس) انٹرنیٹ ٹیلی فونی Voice over IP (VOIP) کے موضوع پر ایک سیمینار منعقد کررہی ہے۔ لاہور سے اس ٹیکنالوجی کے ماہر سیمینار کیلئے تشریف ہیں جو اس سیمینار میں انٹرنیٹ ٹیلی فون کی جدید ٹیکنالوجی کے بارہ میں بتائیں گے۔ یہ سیمینار مورخہ 8 ستمبر 2007ء کو بعد از نماز عصر 5:15 بجے شام نور العین دائرۃ الخدمۃ الانسانیہ (بلڈ وآئی بینک) میں منعقد ہوگا۔ احباب وخواتین سے شرکت کی درخواست ہے۔ نیز ایسوسی ایشن کے ممبرز سے لازماً شرکت کی درخواست ہے۔

(صدر AACP ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر (نمبر 449)

91 سال قبل کا ایک تعزیت نامہ

قدرت ثانیہ کے مظہر اول حضرت حافظ مولانا نورالدین بھیروی خلیفۃ المسیح الاول کے خلف الرشید حضرت صاحبزادہ عبدالحی صاحب نے 11 نومبر 1915ء کو انتقال کیا اس المناک سانحہ پر حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ نے مالیر کوٹلہ سے حضور کی اہلیہ حضرت اماں جی کے نام حسب ذیل تعزیت نامہ ارسال فرمایا:۔

''آج معلوم ہوا کہ عزیز عبدالحی نے انتقال کیا۔ کیا کہوں کس قدر صدمہ ہوا۔ یقین نہیں آتا کہ ایسا حادثہ پیش آیا ہے دل مانتا ہی نہیں اپنے دل کی حالت دیکھ کر خیال آتا ہے کہ جو صدمہ آپ کو ہوا ہوگا۔ اس کا عشر عشیر بھی ہم کو نہیں ہوسکتا۔ آپ کا کیا حال ہوگا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ صبر کے سوائے ہم لوگوں کو چارہ ہی کیا ہے آج حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی جدائی کا صدمہ ہمارے دلوں کو دوبارہ پہنچا ہے جب یہ خیال آتا ہے کہ اس کا بیٹا آج دنیا میں نہیں رہا جو بچوں سے زیادہ ہم سے محبت کرتا تھا تو دل پر سخت چوٹ لگتی ہے۔ آپ کو صبر اس وقت بے شک دشوار ہوگا مگر جتنا زیادہ مصیبت میں صبر کیا جائے اتنا ہی زیادہ اجر ملتا ہے۔ عبدالحی خدا کے پاس ہے جو سب سے زیادہ مہربان ہے۔ پھر انشاء اللہ اسی کی عنایت سے اپنے مکرم باپ کے پاس ہے۔ اسے باپ سے زیادہ محبت تھی وہ انہیں کے پاس چلا گیا۔ آپ اپنے دل کو تسلی دیں کہ انشاء اللہ تعالیٰ وہ ملے گا یہ وقت سب پر آنے والا ہے۔ دنیا تو اک سرا ہے۔ اصلی گھر تو وہی ہے اب اس وقت تو صبر ہی ایک دوا ہے جس سے تسلی ہوسکتی ہے۔ ہم کتنا ہی روئیں۔ عبدالحی واپس نہیں آ سکتا۔ مگر اگر حتیٰ المقدور صبر سے کام لیں تو خدا مل سکتا ہے وہی محبوب حقیقی ہے اسی کے ملنے سے سب کچھ مل سکتا ہے۔ اگر وہ راضی ہو تو ایک دن اس دنیا سے جا کر ہم ان بہشتی روحوں سے بھی مل سکتے ہیں۔ اگر وہ راضی نہ ہو تو ہم انہیں بھی نہیں مل سکتے۔ اول تو اس ذات پاک کا راضی ہو جانا بھی بہشت سے کم نہیں یہ جان لیں کہ عبدالحی گیا مگر خدا کی خوشنودی حاصل کرنے کی راہ آپ پر کھول گیا۔ جس سے آپ اس کو بھی مل سکتی ہیں۔ ایک پنتھ دو کاج۔ صاف نیت سے صبر کریں پھر کیا ہے۔ اول تو خدا راضی ہوگا۔ یہ سب سے بڑی نعمت ہے۔ پھر انشاء اللہ آج وہ کل ہماری باری ہے اس سے بھی ملیں گی۔ اب جتنی خاک اڑائیں کم جتنا پیٹیں تھوڑا۔ وہ لوگ جنہیں آخرت پر اور خدا پر یقین نہیں کیونکہ ان کے لئے ہمیشہ کی جدائی ہے (ان کے خیال میں) مومن تو خوش ہے کہ اسے یقین ہے ہم تو عارضی گھر میں ہیں تھوڑے دنوں میں اپنے پیاروں سے جا ملیں گے۔ آپ یہ سمجھیں کہ عبدالحی سفر پر گیا ہے وہ نہیں آئے گا مگر ہم اس کے پاس جائیں گے۔ آج نہیں کل۔ کل نہیں پرسوں ملیں گے۔ انشاء اللہ

آپ خدا کی رضامندی حاصل کرنے کی کوشش میں لگ جائیں۔ نمازیں پڑھیں۔ دعائیں مانگیں۔ مولیٰ کریم راضی ہوگیا تو یہ سب تکلیفیں عارضی ہیں۔ ابھی بیڑا پار ہو جائے گا۔ اللہ کی عبادت کریں اور اسی کی خوشنودی کی نیت سے اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت میں لگ جائیں پھر یہ جدائی کے دن گزرتے معلوم بھی نہ ہوں گے قرآن شریف بہت پڑھا کریں۔ خصوصاً یٰسین پڑھ کر دعا کریں تسلی ہوتی ہے۔

چھوٹے بچوں کا دل میلا نہ ہو۔ ان کی تسلی و دلداری کریں۔ انشاء اللہ عبدالحی کا نام بھی جب تک دنیا ہے۔ اپنے مکرم باپ کے ساتھ یادگار رہے گا۔ اسے ناشاد و نامراد نہ سمجھیں وہ خدا کا نشان تھا آیا اور اپنے مولا کے پاس واپس چلا گیا۔ قرآن شریف میں جو مومنوں کے لئے سب سے اچھی تعزیت رکھی ہے۔ اس سے آپ واقف ہی ہوں گی۔''

(فاروق قادیان 25 نومبر 1915ء)

نامہ مبارک کے متعلق تاثرات

حضرت میر قاسم علی صاحب (1872ء۔ 1942ء) نے اپنے اخبار فاروق مورخہ 25 نومبر 1915ء کے صفحہ 10 پر یہ تعزیت نامہ مکمل طور پر شائع فرمادیا اور اس سے قبل یہ بصیرت افروز نوٹ دیا کہ:۔

حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ دختر کلاں حضرت مسیح موعود و زوجہ محترمہ حضرت نواب محمد علی خان صاحب رئیس مالیر کوٹلہ نے جو تعزیت کا خط عزیز عبدالحی مرحوم کے انتقال پُر ملال پر مرحوم کی والدہ ماجدہ کے نام مالیر کوٹلہ سے بھیجا ہے وہ اس قابل ہے کہ فاروق کے کالموں کی زینت ہو مگر نہ بلحاظ لٹریچر یا مضمون آرائی اس کو درج کیا جاتا ہے بلکہ جن ناصحانہ و ہمدردانہ پیرایہ میں ایک محترمہ واجب التعظیم خاتون مبارکہ نے یہ تعزیت نامہ لکھا ہے۔ وہ ہر کہ و مہ کے واسطے ایک اعلیٰ سبق حاصل کرنے کا ذریعہ ہے اور خصوصاً مستورات کے لئے تو یہ نامہ مبارک نہایت ہی سچا وعظ و پند ہے اس تعزیت نامہ کو پڑھنے والے دیکھیں کہ خلیفۃ اللہ فی الارض مسیح موعود کی اولاد طیبہ کے دل میں رگ و ریشہ میں خدا کی محبت وجلال و عظمت کس قدر کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے اور دنیا و مافیہا کی ان کے دل میں اللہ تعالیٰ کے مقابلہ میں کیا حیثیت ہے۔ بڑے بڑے علماء و صوفیاء حال کے سینہ میں یہ ایمان باللہ یہ توکل علی اللہ یہ رجوع الی اللہ ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملے گا۔

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

قرار داد تعزیت از وکالت تصنیف

(بروفات مکرم بشیر احمد صاحب اختر)

ہم جملہ ممبران وکالت تصنیف تحریک جدید ربوہ پاکستان اپنے خصوصی اجلاس میں محترم مولانا بشیر احمد اختر صاحب مربی سلسلہ کی وفات پر آپ کی اہلیہ محترمہ نعیمہ بشیر صاحبہ اور آپ کے بیٹوں اور بیٹی سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور آپ کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

محترم بشیر احمد اختر صاحب 3 نومبر 1942ء کو پیدا ہوئے۔ آپ کے والد کا نام مکرم ظہور الدین صاحب تھا۔ پانچ بھائیوں میں سے آپ سب سے چھوٹے تھے۔ جامعہ احمدیہ سے شاہد اور پھر مولوی فاضل کرنے کے بعد آپ کی پہلی تقرری 7راگست 1966ء کو ہوئی۔ اگست 1967ء میں آپ کی تقرری کینیا میں ہوئی اور آپ خدمات سلسلہ کی غرض سے پہلی دفعہ بیرون ملک تشریف لے گئے۔ جہاں سے 1972ء میں آپ کی واپسی ہوئی۔ بعد ازاں 1974ء تا 1980ء اور پھر 1983ء تا 1996ء چوبیس سال تک آپ کینیا میں خدمات سلسلہ بجالاتے رہے۔ اس عرصہ میں تقریباً دس سال آپ امیر و مربی انچارج کینیا بھی رہے۔ اس کے بعد تادم وفات آپ وکالت تصنیف میں خدمت سرانجام دیتے رہے۔ آپ کو سواحیلی زبان پر عبور حاصل تھا۔ MTA پر مکرم مولانا جمیل الرحمٰن رفیق صاحب کے ساتھ متعدد سواحیلی پروگرام پیش کئے۔ کچھ عرصہ قبل حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے آپ کو نگران سواحیلی ڈیسک برائے تراجم کتب حضرت مسیح موعود مقرر فرمایا تھا۔ آپ قرآن کریم اور حدیث کے ساتھ ساتھ بائبل کے فاضل تھے۔ آپ کے پسماندگان میں بیوہ محترمہ نعیمہ بشیر صاحبہ کے علاوہ ایک بیٹی اور دو بیٹے ہیں۔

مرحوم انتہائی بے نفس، انتھک محنت کرنے والے، شفیق اور وقف کی حقیقی روح پر قائم رہنے والے واقف زندگی تھے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور تمام پسماندگان کو صبر جمیل سے نوازے۔ آمین۔

اعلان دارالقضاء

(مکرم ناصر احمد صاحب وغیرہ ترکہ مکرم چوہدری بشارت احمد صاحب مرحوم)

مکرم چوہدری بشارت احمد صاحب کے ورثاء کی طرف سے درخواست موصول ہوئی ہے کہ مکرم چوہدری بشارت احمد صاحب ولد مکرم چوہدری فضل احمد صاحب آف سلاڈ لندن وفات پا گئے ہیں۔ مرحوم کے نام قطعہ نمبر 20/5 محلّہ دارالصدر غربی ربوہ برقبہ دو کنال الاٹ ہے۔ یہ قطعہ مرحوم کے درج ذیل ورثاء میں حسب ذیل تفصیل کے مطابق تقسیم کر دیا جائے۔ کسی وارث کو اس منتقلی پر اعتراض نہ ہے۔

تقسیم کی تفصیل

1۔ مکرمہ شاہینہ باسط صاحبہ (بیٹی) ایک کنال
2۔ مکرم ناصر احمد صاحب (بیٹا) 8 مرلہ
3۔ مکرم عطاء الرحمٰن صاحب (بیٹا) 8 مرلہ
4۔ مکرمہ محمودہ عائشہ صاحبہ (بیٹی) 4 مرلہ

ورثاء کی تفصیل

1۔ مکرمہ خورشید اختر صاحبہ (بیوہ)
2۔ مکرمہ شاہینہ باسط صاحبہ (بیٹی)
3۔ مکرمہ ریحانہ یاسمین صاحبہ (بیٹی)
4۔ مکرمہ انیسہ قدیر صاحبہ (بیٹی)
5۔ مکرمہ بشریٰ چوہدری صاحبہ (بیٹی)
6۔ مکرمہ مبارکہ مبشرہ صاحبہ (بیٹی)
7۔ مکرمہ محمودہ عائشہ صاحبہ (بیٹی)
8۔ مکرم ناصر احمد صاحب (بیٹا)
9۔ مکرم عطاء الرحمٰن صاحب (بیٹا)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس (30) یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

نکاح

مکرم رانا محمد ظفر اللہ صاحب مربی سلسلہ ڈاہرانوالہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار نے 19راگست 2007ء کو مکرم ادریس احمد صاحب ابن مکرم رشید احمد صاحب کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرمہ امۃ الودود صاحبہ بنت مکرم رانا مبارک احمد صاحب چک 166 مراد میں دو لاکھ روپے حق مہر پر کیا مکرم ادریس احمد صاحب حضرت مہر دین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود بھاگوال ضلع سیالکوٹ کی نسل سے ہیں جبکہ مکرم چوہدری لاب دین صاحب نمبردار چک نمبر 166 مراد بچی کے نانا تھے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ دونوں خاندانوں کے لئے یہ رشتہ بابرکت فرمائے۔

خالص سونے کے زیورات
فینسی جیولرز
Ph:6212868
Res:6212867
Mob: 0333-6706870
میاں اظہر احمد
میاں مظہر احمد
محسن مارکیٹ
اقصیٰ روڈ ربوہ

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

سیدنا حضرت مسیح موعود کے رفقاء

حضرت حکیم مفتی فضل الرحمٰن صاحب اوران کی اہلیہ صاحبہ

مکرم محمود مجیب اصغر صاحب

حضرت حکیم مفتی فضل الرحمٰن صاحب ولد مفتی شیخ عبداللہ صاحب حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے داماد تھے اور حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی حرم اول حضرت فاطمہ بی بی کے بھتیجے تھے آپ کا تعلق بھیرہ سے تھا آپ حضرت مسیح موعود کے جلیل القدر رفقاء میں سے تھے 313 رفقاء خاص کی فہرست میں آپ کا نام 245 نمبر پر ہے آپ کو حضرت مسیح موعود کا بڑا اقرب نصیب رہا اور حضور کی دعاؤں سے آپ معجزانہ طور پر صحت یاب ہوئے۔

آپ ان خوش قسمت رفقاء میں سے ہیں جنہیں رجسٹر روایات پر بعض روایات لکھنے یا املاء کروانے کی سعادت نصیب ہوئی۔ آپ کے بعض حالات رجسٹر روایات سے نقل کرکے بعض عناوین لگا کر ذیل میں پیش کئے جاتے ہیں جو حضرت مسیح موعود کی پاکیزہ سیرت پر روشنی ڈالتے ہیں۔

زیارت اور بیعت

حضرت مفتی فضل الرحمٰن صاحب فرماتے ہیں:

''میں پہلے پہل 1888ء میں قادیان حاضر ہوا تھا اور ایک ہفتہ حضور کے اصرار پر یہاں ٹھہرا تھا۔ 1890ء میں ہجرت کرکے قادیان میں آیا۔ بیعت 1891ء کے آخر میں کی۔ 1891ء میں میں بیعت کرکے واپس بھیرہ میں چلا گیا کیونکہ میں اس وقت ملازم تھا۔

بیماری اور علاج

1890ء میں مجھے بھیرہ میں میعادی بخار ہوا۔ میری بیوی قادیان میں تھی اس نے لکھا کہ یہاں آ جاؤ۔ میں نے رخصت کی درخواست ایک مہینہ کی دی۔ جب میں یہاں آیا تو حضور نے میرا علاج شروع کیا ایک مہینہ میں میں کافی تندرست ہوگیا۔

شانِ مسیحیت

بعد میں میری بیوی نے سنایا کہ آپ بھیرہ میں تھے میں نے خواب دیکھا کہ میرا دوپٹہ اڑ گیا ہے اور میں سر سے ننگی ہوں۔ مولوی صاحب قبلہ نے دیکھا اور پوچھا کہ تمہارا دوپٹہ کہاں ہے؟ تو میں نے کہا آندھی میں اڑ گیا ہے میں نے یہ خواب حضرت مسیح موعود سے جا کر بیان کی انہوں نے فرمایا کہ ان کو فوراً یہاں بلالو۔ اس لئے میں نے خط لکھ دیا ورنہ آپ کی علالت کا مجھے کوئی علم نہ تھا۔ جب آپ یہاں آئے تو حضور نے خود بخود دسن کر تشریف لا کر علاج شروع کیا۔ جب آپ کو آرام ہوا تو پھر خواب دیکھا کہ دوپٹہ میرے سر پر ہے اور مولوی صاحب پوچھتے ہیں کہ تم نے تو کہا تھا کہ دوپٹہ اڑ گیا ہے یہ کہاں سے آیا۔ تو میں نے کہا کہ آندھی میں اڑ گیا تھا مگر حضرت صاحب کے گھر سے مل گیا۔

قادیان ہجرت

میں اچھا ہو کر پھر اپنی ملازمت پر چلا گیا۔ مگر ایک مہینہ بھی نہ گزرا تھا کہ مجھے پھر میعادی بخار ہو گیا اور میں پھر ایک مہینہ کی رخصت لے کر قادیان آ گیا۔ یہاں پر حضور نے علاج کیا اور پھر میں اچھا ہو گیا۔ تو حضور نے فرمایا کہ یہیں رہ جاؤ۔ وہاں کیا کرو گے۔ وہاں کی آب و ہوا معلوم ہوتا ہے تمہارے موافق نہیں۔ میں نے عرض کیا کہ اب جا کر استعفیٰ دے دوں گا۔ واپس گیا تو تین دفعہ استعفیٰ دیا۔ مگر ولسن صاحب ڈپٹی کمشنر تھے ان کو میرے کام پر بڑا اعتبار تھا۔ انہوں نے نامنظور کیا اور تینوں دفعہ نامنظور کیا۔ آخر بصد مشکل استعفیٰ منظور ہوا اور میں 1890ء کے آخیر میں یہاں آ گیا۔

مالیر کوٹلہ کا سفر

پھر حضرت قبلہ مولوی صاحب 1896ء میں قبلہ نواب محمد علی خان صاحب کو قرآن پڑھانے کے لئے مالیر کوٹلہ تشریف لے گئے تو میں بھی ان کے ساتھ کوٹلہ چلا گیا کچھ عرصہ کے بعد میں وہاں سے واپس آ گیا۔

مدرسہ تعلیم الاسلام میں نوکری

1897ء میں حضور نے فرمایا کہ ہم یہاں ایک مدرسہ کی بنیاد رکھتے ہیں۔ اس میں تمہیں لگا لیں گے۔ چنانچہ مدرسہ تعلیم الاسلام کی بنیاد رکھی گئی اور مرزا نظام الدین صاحب سے یہ حصہ مکان کا لیا گیا جس میں اب دفتر ناظر مال ہے اور شیخ یعقوب علی صاحب اور خاکسار، حافظ احمد اللہ شاہ مرحوم، قاضی امیر حسین صاحب مرحوم، بھائی عبدالرحمٰن صاحب قادیانی اور شیخ محمد اسمٰعیل صاحب سرساوی اساتذہ مقرر ہوئے اور ایک انجمن بنا کر اس کے سپرد یہ مدرسہ کر دیا گیا۔ تین چار سال میں مدرسہ میں ملازم رہا۔ مگر میری اور مولوی محمد علی صاحب کی کچھ شکر رنجی ہوگئی اور انہوں نے مجھے موقوف کر دیا۔ میں نے اس کے متعلق حضور کو لکھا تو آپ نے فرمایا یہ رقعہ کھانے پر پیش ہو۔ اس وقت حضور مع اکثر خدام کے گول کمرہ میں کھانا کھایا کرتے تھے۔ میں نے وہاں رقعہ پیش کیا۔ حضور نے کچھ تقریر فرمائی اور بڑے غصہ میں فرمایا کہ جو شخص فضل الرحمٰن کو دکھ دیتا ہے وہ نورالدین کو دکھ دیتا ہے اور جو نورالدین کو دکھ دیتا ہے وہ مجھے دکھ دیتا ہے فضل الرحمٰن کے سارے قصور معاف کرتا ہوں۔ کون ہے جو میرے حکم کی خلاف ورزی کرے۔ مولوی محمد علی صاحب نے کچھ ڈیفنس پیش کرنا چاہا مگر حضور نے فرمایا بس میں کچھ سننا نہیں چاہتا دوسرے دن میرے نام بحالی کا حکم آ گیا۔ مگر میں نے حضور کو لکھا کہ میں ان لوگوں کی ملازمت کرنی نہیں چاہتا۔ میں اب طب کروں گا حضور نے اس کو بہت پسند فرمایا۔

میرے زمانہ مدرسہ میں پہلا امتحان مڈل کا ہوا جس میں مولوی حافظ غلام محمد صاحب ماریشس، شیخ محمد نصیب صاحب اور راجہ اسمٰعیل صاحب شامل ہوئے۔ میں ان کو ساتھ لے کر گورداسپور گیا اور نتیجہ یہ نکلا کہ تینوں پاس ہوگئے۔

میں نے تو ابھی اس سے بہت کام لینے ہیں

انہیں ایام میں مجھے پھر محرقہ بخار ہوا حضرت قبلہ مولوی صاحب میرے معالج تھے ایک دن میری حالت بہت خراب ہوگئی۔ مجھے سرسام تھا۔ رات کو عشاء کے بعد مولوی صاحب مع مولوی قطب الدین صاحب مجھے دیکھنے آئے۔ جب مجھے دیکھ کر باہر نکلے تو میری ساس پیچھے پیچھے دروازہ تک گئیں تو مولوی صاحب نے مولوی قطب الدین صاحب کو فرمایا کہ آج کی رات ناممکن ہے کہ بچے۔ میری ساس سن کر بہت پریشان ہوئی اور فوراً حضور کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا کہ آج فضل الرحمٰن کی حالت بہت خراب ہے آپ دعا کریں۔ حضور نے فرمایا کہ میں ایک ضروری مضمون لکھ رہا ہوں۔ آپ میری طرف سے مولوی صاحب کو تاکید کریں کہ بہت توجہ سے علاج کریں۔ انہوں نے عرض کی کہ مولوی صاحب تو اس کو دیکھ کر کہہ گئے ہیں کہ آج رات اس کا بچنا بہت مشکل ہے وہ کہتی تھیں کہ حضور نے سب کاغذ رکھ دیئے اور فرمایا کہ میں نے تو ابھی اس سے بہت کام لینے ہیں تم جاؤ میں دعا کرتا ہوں اور سر اس وقت سجدہ سے اٹھاؤں گا جب وہ اچھا ہو جائے گا۔ چنانچہ وہ واپس آ گئی ان کا بیان ہے کہ رات دو بجے تم کو ایک خون کا دست آیا پھر چار بجے اس کے بعد تم نے آنکھ کھول دی۔ صبح کی نماز کے بعد ماسٹر عبدالرحمٰن صاحب سابق مہر سنگھ نے آ کر آواز دی کہ مفتی صاحب کا کیا حال ہے؟ حضرت صاحب نے دریافت فرمایا ہے تو انہوں نے وہ اسہال کا واقعہ سنا دیا اور کہا کہ اس وقت ہوش نہیں ہے دوسرے دن دوپہر کے وقت حضور خود تشریف لائے اور مجھ کو دیکھا۔ فرمایا بخار ٹوٹ گیا ہے مگر کمزوری بہت ہے لڑکی کو میرے پاس ہر روز بھیج دیا کرو میں تریاق نہیں بھیجوں گا۔ وہ کھایا کرو۔ میری لڑکی امتہ الرحمٰن ہر روز صبح کو جاتی اور تریاق الٰہی لے آتی اور میں کھا لیتا کوئی ڈیڑھ مہینہ تک اس کو کھاتا رہا۔ پھر اس کو کچھ اکٹھا دے دیا کہ خود ہی کھا لیا کرو۔ جس کا کچھ بقیہ ابھی تک میرے پاس ہے۔

حضور کی معیت میں جہلم کا سفر

جب کرم دین بھیں والے نے حضور پر دعویٰ جہلم میں کیا اور اس میں وارنٹ نکلوائے تو یہاں اطلاع ملی حضور نے فرمایا کہ وہ وارنٹ ہمارے پاس نہیں آئیں گے۔ جب تاریخ کا دن آیا تو مجسٹریٹ نے ریڈر سے دریافت کیا کہ کیا وارنٹوں کی تعمیل ہوگئی ہے وہ حاضر نہیں ہوئے تو بہت تلاش کے بعد وارنٹ کسی کتاب میں پڑے ہوئے ملے تو مجسٹریٹ نے دوبارہ سمن جاری کئے جب ان کی تعمیل ہوگئی تو تاریخ کے لئے ہم لوگ یہاں سے روانہ ہوئے تو بٹالہ سے گاڑی پر سوار ہو کر شام کو لاہور پہنچے۔ ان دنوں میں بارش کی بہت کمی تھی میں یہ کہنا بھول گیا ہوں کہ حضور 1897ء کے بعد جب کبھی کسی سفر میں تشریف لے جاتے تو مجھے ضرور خدمت میں رکھتے تھے۔ پھر کوئی سفر ایسا نہیں ہوا جس میں یہ خاکسار ساتھ نہ ہوا۔

رات کو نماز میں لوگوں نے دعا کے لئے عرض کی کہ بارش کے لئے دعا فرماویں آپ نے دعا کی اور رات پھر ترشح ہوتا رہا۔ نماز صبح کے بعد آپ نے فرمایا کہ مجھے الہام ہوا اریك بركات من كل طرف چنانچہ صبح سات بجے کی ٹرین میں ہم لوگ جہلم کے لئے سوار ہوئے تو اس کا ظہور گاڑی کے چاروں طرف دیکھا۔ گاڑی خوب زور سے چل رہی تھی اور لوگ ہزاروں کی تعداد میں راستہ میں دوڑے آرہے تھے حالانکہ جانتے تھے کہ ہم گاڑی کو پکڑ نہیں سکتے۔ اسٹیشنوں پر اتنا ہجوم کہ نہ کوئی آنے کا ٹکٹ پوچھتا نہ جانے کا۔ گاڑی میں اس قدر مخلوق کہ تل دھرنے کے لئے جگہ نہ تھی۔

حضرت خان نواب خان صاحب مرحوم تحصیلدار گجرات نے کھانا بنوایا تھا جو انہوں نے گجرات اسٹیشن پر دیگچوں کی صورت میں لا کر دھر دیا حضور نے مجھے اس کام پر متعین فرمایا کہ کھانا تقسیم کرو۔ کوئی تمیز احمدی غیر احمدی کی نہ تھی۔ ہر گاڑی میں پلاؤ کا دیگچہ رکھ دیا گیا اور لوگ اپنے ہاتھوں سے نکال نکال کر کھاتے تھے۔ لالہ موسیٰ کے اسٹیشن پر گاڑی کافی وقت ٹھہرتی تھی یہاں خالی برتن پلیٹ فارم پر رکھ دیئے گئے اور اس سے فارغ ہو کر میں حضور کی سیکنڈ کلاس میں گیا۔ وہاں کثرت سے احباب موجود تھے حضور نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا کیوں میاں کھانا تقسیم ہو گیا میں نے عرض کی کہ حضور برتن خالی اسٹیشن پر اتار دیئے ہیں۔ فرمایا تم

نے خود بھی کھایا؟ عرض کیا حضور ابھی نہیں۔ تو اوپر کے بیچ سے ایک پیالہ فرنی کا حضور نے اٹھا کر مجھے دیا اور فرمایا اس کو تم کھا لو۔ بہت ساری حریص آنکھیں میری طرف اٹھیں مگر میں کھاتا رہا اور بہت تھوڑے ہاتھ میرے ساتھ شریک ہوئے۔ جہلم پہنچ کر اسٹیشن سے لے کر کوٹھی سردار صاحب وہاں والے۔ تک ہجوم کا کوئی اندازہ نہ تھا۔ غلام حیدر خان صاحب مرحوم تحصیل دار منتظم تھے مگر کچھ پیش نہ جاتی تھی۔ تحصیل دار صاحب نے مجھے کہا کہ عرض کرو کہ مخلوق زیارت کرنا چاہتی ہے حضور اگر حکم دیں تو ایک چوکی کوٹھے کے اوپر رکھ دی جائے اور آپ اس پر بیٹھ کر لوگوں کو زیارت بخشیں۔ چنانچہ حضور نے فرمایا بہتر۔ ایک کرسی کوٹھی پر رکھ دی گئی اور حضور تشریف فرما ہوئے اور میں اس کرسی کی پشت پر تھا ایک گھنٹہ سے زیادہ وقت حضور بیٹھے رہے۔ پھر نیچے تشریف لے آئے۔

(رجسٹر روایات نمبر 8 ص 121 تا 126)

حضرت مسیح موعود کا سفر

لاہور 1908ء

حضرت مسیح موعود اپریل 1908ء میں لاہور کے سفر پر تشریف لے گئے اور وہیں 26 مئی 1908ء کو حضور کا وصال ہو گیا حضرت حکیم مفتی فضل الرحمٰن صاحب کا بیان ہے جب حضور تشریف لے گئے تو میں حضور کے کام امرتسر گیا ہوا تھا مجھے آپ نہر کے پل پر ملے تو فرمایا کہ ہمارا ارادہ لاہور جانے کا ہو گیا ہے۔ یہ پھل اور سبزی جو تم لائے ہوئے اپنے بچوں کو دے دو اور خود محمود کی گھوڑی لے کر آ جاؤ ہم کل کا دن بٹالہ ٹھہریں گے اور گھوڑی آپ نے لاہور لے جانی ہے خیر میں گھوڑی کو لے کر بٹالہ پہنچا۔ رات کو فرمایا ہم صبح سوار ہو جائیں گے آپ گھوڑی لے آنا۔ میں بھی علی الصبح سوار ہو کر 12 بجے گاڑی کے لاہور پہنچنے تک اسٹیشن لاہور پہنچ گیا۔

(تاریخ احمدیت جلد چہارم ص 69)

غرض حضرت حکیم مفتی فضل الرحمٰن صاحب کو حضرت اقدس مسیح موعود کا بہت قرب نصیب ہوتا رہا۔

حضرت حفصہ بیگم اہلیہ

حضرت حکیم مفتی فضل الرحمٰن صاحب

انجام آتھم میں 313 جلیل القدر رفقاء کی فہرست میں "(حضرت) حکیم مفتی فضل الرحمٰن مع اہلیہ" کا نام 245 نمبر پر درج ہے جہاں حضرت حکیم مفتی فضل الرحمٰن صاحب کا ذکر خیر کیا جا رہا ہے وہاں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ حضرت حفصہ بیگم صاحبہ کا بھی ذکر کیا جائے کیونکہ حضرت مسیح موعود نے 313 کی فہرست میں حضرت مفتی صاحب کے ساتھ انہیں بھی شامل فرمایا ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی پہلی شادی حضرت سیدہ فاطمہ بی بی صاحبہ بنت حضرت مفتی شیخ مکرم صاحب قریشی نعمانی کے ساتھ غالباً 1872ء میں ہوئی آپ کے بطن سے تین لڑکے اور نو لڑکیاں پیدا ہوئے سوائے دو بیٹیوں کے سب بچے بچپن میں ہی فوت ہوتے گئے صاحبزادی حفصہ بیگم صاحبہ دوسرے نمبر پر تھیں آپ کی پیدائش 1874 کی ہے آپ کی شادی 1891ء میں ہوئی اور آپ کی وفات 1917ء میں ہوئی۔ آپ کے مختصر سوانح، شادی اور حضرت خلیفہ اول کی نصائح حیات نور مولفہ حضرت عبدالقادر صاحب سابق سوداگرمل کے حوالے سے پیش ہیں۔

"حفصہ قریباً" 1874ء میں بمقام بھیرہ پیدا ہوئی تھی حضرت مولوی صاحب نے اپنے بچوں کی تعلیم کے لئے، ایک حافظ صاحب کو ملازم رکھا ہوا تھا حفصہ نے بھی انہی حافظ صاحب سے قرآن کریم ناظرہ پڑھا البتہ قرآن کریم کا ترجمہ اور حدیث اور طب اپنے والد سے پڑھی۔ حفصہ کی منگنی اپنے ماموں زاد بھائی حکیم مفتی فضل الرحمٰن صاحب سے 1888ء میں ہوئی تھی جب کہ حضرت مولوی صاحب ریاست جموں و کشمیر میں بطور شاہی طبیب ملازم تھے اور شادی 31 مئی 1891ء کو ہوئی اس لڑکی کی جب شادی ہوئی تو حضرت مولوی صاحب نے اسے علاوہ اور جہیز کے جو عام طور پر دیا کرتے تھے ایک بڑا صندوق کتابوں کا بھی دیا جو آپ کے زیر مطالعہ رہتی تھیں یہ سب کتابیں قرآن کریم احادیث وغیرہ دینیات کی تھیں مگر جب اسے ڈولی میں سوار کیا گیا تو آپ اسے رخصت کرنے کے لئے تشریف لائے اور کہا حفصہ! میں تیرا جہیز لایا ہوں اور ایک کاغذ اس کی گود میں رکھ دیا اور کہا کہ بچہ اس کو سسرال پہنچ کر کھولنا اور پڑھ لینا اس کاغذ پر مندرجہ ذیل نصیحت کی باتیں درج تھیں بچہ اپنے مالک، رازق، اللہ کریم سے ہر وقت ڈرتے رہنا اور اس کی رضا مندی کا ہر دم طالب رہنا اور دعا کی عادت رکھنا۔ نماز اپنے وقت پر اور منزل قرآن کریم کی بقدر امکان بدوں ایام ممانعت شرعیہ ہمیشہ پڑھنا، زکوٰۃ، روزہ، حج کا دھیان رکھنا اور اپنے موقعہ پر عملدرآمد کرتے رہنا۔ گلہ، جھوٹ، بہتان، بے ہودہ قصے کہانیاں یہاں کی عورتوں کی عادت ہے اور بے وجہ باتیں شروع کر دیتی ہیں۔ ایسی عورتوں کی مجلس زہر قاتل ہے۔ ہوشیار خبردار رہنا۔ ہم کو ہمیشہ خط لکھنا، علم دولت ہے بے زوال ہمیشہ پڑھنا، چھوٹی چھوٹی لڑکیوں کو قرآن پڑھانا زبان کو نرم، اخلاق کو نیک رکھنا، پردہ بڑی ضروری چیز ہے۔

مرأۃ العروس اور دوسری کتابیں پڑھو اور ان پر عمل کرو۔ اللہ تعالیٰ تمہارا حافظ و ناصر ہو اور تم کو نیک کاموں میں مدد دیوے۔ والسلام

نورالدین

31 مئی 1891ء

(بحوالہ حیات نور مولفہ شیخ عبدالقادر سوداگرمل ص 79)

حضرت مسیح موعود کا مفتی صاحب کے بیوی بچوں سے مشفقانہ سلوک

حضرت مفتی فضل الرحمٰن صاحب کی اہلیہ حضرت بی بی حفصہ کی والدہ حضرت فاطمہ بی بی حرم اول حضرت خلیفۃ المسیح الاول کا وصال 28 جولائی 1905ء کو ہوا حضرت مسیح موعود نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی۔ ان کی وفات کے اگلے روز حضرت مسیح موعود ان کے گھر تشریف لے گئے اور حضرت مفتی صاحب کی اہلیہ کو مخاطب کر کے فرمایا "اللہ تعالیٰ نے ان کو جنت میں جگہ دے دی۔ تم فکر اور غم نہ کرو۔ میں بھی تمہارا باپ ہوں جس چیز کی ضرورت ہوا کرے مجھ سے کہا کرو۔ اس نے رو کر عرض کیا کہ میں کمزور انسان ہوں میرے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں۔ یہ اکثر بیمار رہتے ہیں وہ ان کے لئے دعائیں کیا کرتی تھیں آپ کو توجہ دلاتی تھیں اب میں کس سے کہوں گی؟ فرمایا مجھ سے کہا کرو۔ سر سے پگڑی اتار کر دے دی اور فرمایا کہ اس کا ایک ایک کرتہ بنا کر سب بچوں کو پہنا دو اور خود اس رومی ٹوپی کو سر پر رکھ کر تشریف لے گئے جو پگڑی کے اندر آپ رکھا کرتے تھے۔"

(سیرت حضرت مسیح موعود جلد دوم ص 203 از حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب)

حضرت مسیح موعود کا جاری فیضان

اس عاجز کے استفسار پر محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت نے اپنے مرسلہ مرقومہ 8 جون 1997ء میں تحریر فرمایا

حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی حرم اول کے بطن سے دوسری صاحبزادی حفصہ تھیں جو مفتی فضل الرحمٰن صاحب کے عقد میں آئیں۔ اس بیٹی سے حسب ذیل اولاد ہوئی:۔ ہاجرہ، امۃ الرحمٰن، امۃ الحفیظ، فضل کریم، عبدالحفیظ، محمد عبداللہ، عبدالمالک (بدر 31/ اکتوبر 1912ء) ہاجرہ بیگم صاحبہ حضرت فتح محمد صاحب سیال کی بیوی تھیں انہی کے بطن سے آمنہ پیدا ہوئیں جو حضرت چوہدری محمد ظفراللہ خان صاحب کے بھائی چوہدری عبداللہ صاحب مرحوم کی بیگم اور چوہدری حمید نصراللہ خان صاحب امیر جماعت لاہور کی والدہ ماجدہ تھیں" ان کی دوسری بہن کوٹ فتح خان تحصیل فتح جنگ ضلع اٹک کے رئیس کرنل ملک سلطان محمد خان صاحب مرحوم سابق امیر ضلع (کیمبلپور حال) اٹک سے بیاہی گئیں جن کے صاحبزادے ملک سلطان رشید صاحب اب امیر ضلع اٹک ہیں۔

حضرت چوہدری فتح محمد صاحب سیال مرحوم اور حضرت بی بی ہاجرہ صاحبہ مرحومہ کی اولاد میں سے ایک بیٹا چوہدری ناصر محمد صاحب سیال مرحوم حضرت مصلح موعود اور حضرت ام طاہر کا داماد بنا۔ کرنل سلطان محمد خان صاحب مرحوم اور حضرت مفتی فضل الرحمٰن صاحب اور حضرت بی بی حفصہ کی نواسی کا ایک پوتا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا چھوٹا داماد ہے۔

حضرت مسیح موعود کی مقدس تحریرات

حضرت مسیح موعود کی مقدس تحریرات میں بھی حضرت مفتی فضل الرحمٰن صاحب اور ان کی اس زوجہ کا جو حضرت خلیفہ اول کی صاحبزادی تھیں کئی جگہ ذکر ملتا ہے۔ چند مقامات یہ ہیں۔

انجام آتھم روحانی خزائن جلد 11 صفحہ 324 پر 313 رفقاء خاص کی فہرست میں 245 پر "مفتی فضل الرحمٰن صاحب مع اہلیہ بھیرہ"۔

مجموعہ اشتہارات جلد سوم میں 24 فروری 1898ء کا حضرت مسیح موعود کا ایک اشتہار ہے جس میں حضرت مسیح موعود نے اپنی جماعت کی بعض نامور شخصیتوں کے نام دیئے ہیں 154 نمبر پر "مفتی فضل الرحمٰن صاحب رئیس بھیرہ"

(مجموعہ اشتہارات جلد سوم ص 26)

بھیرہ کی تاریخ احمدیت

......حضرت مفتی فضل الرحمٰن صاحب ولادت 1876ء بیعت 1892ء وفات 1924ء آپ بھیرہ کے فقیوں کے خاندان سے تھے۔ 313 (رفقاء) ہیں شمولیت کا شرف پایا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے شاگرد اور داماد تھے نیز حضرت مرزا محمود احمد صاحب کے ہم سبق اور ہم زلف تھے ہجرت کر کے قادیان گئے۔ سلسلہ کی خدمت کرتے رہے۔ فوت ہو کر وہیں دفن ہوئے۔"

(بھیرہ کی تاریخ احمدیت مولفہ فضل الرحمٰن بسمل غفاری ص 50)

اللہ تعالیٰ حضرت مفتی فضل الرحمٰن صاحب اور ان تمام مقدس وجودوں کے درجات اپنے قرب میں بڑھاتا رہے جن کا اس مضمون میں ذکر ہے اور ان کی نسلوں کو راہ راست پر قائم کرے اور اپنے فضلوں رحمتوں اور برکتوں سے نوازتا رہے۔ اپنے بزرگوں کے نقش قدم پر چلائے۔ آمین

مخالفین کی ایذا رسانی

میں ان لوگوں میں سے ہوں جو نہایت ٹھنڈے دل کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کیا کرتے ہیں۔ میں نے اپنے کانوں سے مخالفین کی گالیاں سنیں اور اپنے سامنے بیٹھا کر سنیں مگر باوجود اس کے تہذیب اور متانت کے ساتھ ایسے لوگوں سے باتیں کرتا رہا۔ میں نے پتھر بھی کھائے اس وقت بھی جب حضرت مسیح موعود پر امرتسر میں پتھر پھینکے گئے اس وقت میں بچہ تھا مگر اس وقت بھی خدا تعالیٰ نے مجھے حصہ دے دیا۔ لوگ بڑی کثرت سے اس گاڑی پر پتھر مار رہے تھے جس میں حضرت مسیح موعود بیٹھے تھے۔ میری اس وقت چودہ پندرہ سال کی عمر ہوگی گاڑی کی ایک کھڑکی کھلی تھی میں نے وہ کھڑکی بند کرنے کی کوشش کی لیکن لوگ اس زور سے پتھر مار رہے تھے کہ کھڑکی میرے ہاتھ سے چھوٹ گئی اور پتھر میرے ہاتھ پر لگے۔ پھر جب سیالکوٹ میں حضرت مسیح موعود پر پتھر پھینکے گئے' اس وقت بھی مجھے لگے۔ پھر جب تھوڑا عرصہ ہوا میں سیالکوٹ گیا تو باوجود اس کے کہ جماعت کے لوگوں نے میرے ارد گرد حلقہ بنا لیا تھا' مجھے چار پتھر لگے۔

(انوار العلوم جلد 17 صفحہ 508)

مکرم لقمان احمد کشور صاحب

کتابیات ۔ Bibliography
اہمیت، فوائد، شاخیں اور ترتیب و پیشکش

ذرائع ابلاغ کی ایسی فہرست جو باقاعدہ طور پر کسی ترتیب اور مخصوص اندراجات کے ساتھ پیش کی گئی ہو کتابیات کہلاتی ہے۔ ذرائع ابلاغ میں کتابیں، رسالے، تصویریں، نقشے، فلمیں، گراموفون، ریکارڈ، ویڈیوٹیپ، عجائبات کے نوادرات اور مخطوطات شامل ہیں۔

کتابیات لائبریری کے لئے رہنما کا کام کرتی ہے اور یہ قارئین کی بنیادی ضرورت ہے۔ تکنیک کے لحاظ سے یہ علم اور پیشکش کے لحاظ سے فن ہے۔ مسلمانوں کے ہاں سب سے پہلے اسحاق بن ندیم نے ''الفہرست'' جیسی کتابیات مرتب کر کے اس علم کا تعارف کروایا۔ یورپ میں Saint L. Jacob نے سترھویں صدی میں اس کو متعارف کروایا۔ بیسویں صدی کے آغاز تک کتابیات محض کتابوں کی ایک فہرست کا نام تھا۔ آج کے دور میں ایسی تشریحی فہرست کو کتابیات کا نام دیا جاتا ہے جو کسی بھی قسم کے ریکارڈ سے متعلق ہو۔

اردو میں کتابیات کا آغاز بیسویں صدی عیسوی میں ہوا۔ حیدرآباد دکن سے شائع ہونے والی سجاد مرزا بیگ دہلوی کی ''الفہرست'' اس قسم کی اولین کوشش تھی۔ اردو میں کتابیات سازی کا دوسرا اہم باضابطہ سلسلہ مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد کی طرف سے شائع ہونے والی کتابیات کا ہے جو مختلف موضوعات پر مرتب ہو رہی ہے۔

کتابیات اشاعتی سیلاب کو اپنے قابو میں رکھتی ہے۔ اس کے ذریعہ ان معلومات تک بآسانی رسائی حاصل ہوتی ہے جو روز بروز بڑھتی جا رہی ہیں۔ طلباء، اساتذہ، محققین اور اہل علم کو مطلوبہ سمت میں رہنمائی اور ہدایت دیتی ہے۔

خصوصیات

کتابیات کی چند اہم خصوصیات درج ذیل ہیں:

1۔ **تکمیل:** قارئین کی تمام تر دلچسپیوں کی خاطر مکمل ریکارڈ رکھنا، ماضی، حال اور مستقبل کے لحاظ سے ریکارڈ کی تکمیل رکھنا۔

2۔ **تجزیہ:** کتاب کا ایسا تجزیہ ہو کہ بے شمار ورق گردانی سے بچا جا سکے۔

3۔ **وسعت:** پیشہ ورانہ اعتبار سے کتابیات احاطہ کے لحاظ سے اپنے اندر وسعت رکھتی ہے۔

مقاصد

1۔ معلومات کی تصدیق: ان معلومات میں مصنف کا نام، کتاب کا عنوان، مقام اشاعت، تاریخ اشاعت، ناشر، صفحات کی تعداد، سائز، نقشوں اور خانوں کے مندرجات اور قیمت شامل ہیں۔ 1970ء کے بعد ISBN یعنی عالمی معیاری کتاب نمبر (International Standard Book No) بھی شامل کر دیا گیا۔

2۔ کتابیات سے کتابوں کی تلاش میں مدد ملتی ہے۔

3۔ کتابیات کی مدد سے بہترین کتابوں یا مواد کے انتخاب میں مدد ملتی ہے۔

کتابیات سے حاصل ہونے والی معلومات

1۔ کتابوں کی فہرست
2۔ رسالوں کے مضامین کی فہرست
3۔ کسی موضوع پر کتابیاتی فہرست
4۔ کسی زبان میں موجود مطبوعات
5۔ اخباروں، رسالوں کی فہرست
6۔ ناشرین کے پتے
7۔ جدید مطبوعات کی فہرست
8۔ دستاویزات کی فہرست
9۔ بہترین مطبوعات کی فہرست
10۔ کسی مصنف کی مکمل مطبوعات
11۔ کسی کتاب کے مختلف ایڈیشن
12۔ کسی کتاب یا رسالے کے پہلے ایڈیشن کی قیمت
13۔ ریکارڈ میں آنے والی چیزوں سے آگاہی

کتابیات کی شاخیں

عام طور پر اس کی تین شاخیں ہیں۔

1۔ منظّم کتابیات۔ 2۔ تجزیاتی یا تنقیدی کتابیات۔ 3۔ تاریخی کتابیات

1۔ منظّم کتابیات

منظّم کتابیات کو مندرجہ ذیل اصولوں کی مدد سے پرکھ سکتے ہیں:

اس میں کس قسم کے مواد کا احاطہ کیا گیا ہے۔ شائع کرنیوالے ادارے کا مقصد کیا ہے۔ محض حوالہ جاتی مقاصد پورے کرنے کے لئے ہے اور اس میں کس وقت تک کا احاطہ کیا گیا ہے۔ معلومات بنیادی ہیں یا ثانوی۔ کتابیات کی ترتیب کیا ہے اور قسم کون سی ہے؟

2۔ تجزیاتی یا تنقیدی کتابیات

جب کسی کتاب میں اندراجات کا طبعی تجزیہ کیا جائے یا اس کے معیار اور مقام پر تنقید کی جائے یعنی یہ بتایا جائے کہ کتاب کی تاریخ کیا ہے۔ تاریخ/موضوع/علم میں اس کا کیا مقام ہے۔ اس کا موجودہ ایڈیشن کون سا ہے؟ دیگر ایڈیشنوں میں کیا فرق ہے؟ اس کی طباعت کیسی ہے وغیرہ؟ اندراجات کی تشریح کر دی جائے مندرج کتاب کے متن/مواد کی صحت معیار اور مقام کو زیر بحث لایا جائے وغیرہ۔ یہ تمام باتیں تجزیاتی یا تنقیدی کتابیات کے تحت آتی ہیں۔

3 تاریخی کتابیات

کتابوں کا تاریخی سماجی یا ثقافتی پس منظر میں تحریر، طباعت یا پیشکش کے لحاظ سے جائزہ پیش کرنا تاریخی کتابیات کہلاتی ہے۔

کتابیاتی جائزہ کے رہنما اصول

کتابیاتی جائزہ کسی بھی کتابیات کی جانچ پرکھ کے لئے بنیادی حیثیت رکھتا ہے اس سے یہ معلوم ہو سکتا ہے کہ کوئی کتابیات لائبریری کے لئے مفید ہے یا نہیں۔ اس میں سند، دسترس، ترتیب، اندراجات، اس پر مسلسل نظر ثانی، اس کی کوتاہیاں، اور اس کی ہیئت کے پیش نظر یہ فیصلہ کیا جاتا ہے کہ کوئی کتابیات لائبریری کے لئے مفید ہے یا نہیں۔

کتابیات کی اقسام

1۔ **قومی کتابیات:** کسی قوم، ملک کی کلی اور مجموعی کتابیات کو قومی کتابیات کہتے ہیں۔

2۔ **تجارتی کتابیات:** تجارتی اداروں کی طرف سے یا ان کے لئے شائع کردہ کتابیات تجارتی کتابیات کہلاتی ہیں۔ ناشرین، کتب فروشوں، سرکاری یا نیم سرکاری اداروں کی طرف سے تجارتی کتابیات شائع ہوتی رہتی ہیں۔

3۔ **تحقیقی کتابیات:** ایسی کتابیات جو تحقیقی مقالوں یا تحقیقی کاموں کی فہرست پر مشتمل ہو تحقیقی کتابیات کہلاتی ہے۔ بہت سی یونیورسٹیاں اپنے مقالوں کی ایسی فہرستیں/کتابیات شائع کرتی رہتی ہیں۔

4۔ **منتخبہ کتابیات:** بعض مخصوص مقاصد کے لئے ایسی کتابیات شائع ہوتی ہیں۔ جو محض محدود رہنما کتابیات کا کام کرتی ہیں۔ یا انتخاب کتب میں مدد دیتی ہے۔

5۔ **موضوعاتی کتابیات:** کسی مخصوص میدان یا موضوع سے متعلق حوالہ جاتی کتابیات موضوعی کتابیات کہلاتی ہے۔ مثلاً کتابیات قانون، کتابیات اقبالیات وغیرہ۔

6۔ **متنی اشاریہ** اشاریے / خلاصے: کسی مطالعاتی مواد کا منظّم متنی رہنما اشاریہ کہلاتا ہے۔ جس میں اندراجات کو الف بائی ترتیب سے پیش کیا جاتا ہے۔ متن کا صفحہ نمبر یا سلسلہ نمبر کا حوالہ ساتھ ہی شائع ہوتا ہے۔ جب اس قسم کا اشاریہ مرتب کیا جائے جو اصل متن کا نچوڑ ساتھ ہی پیش کر دے تو اسے خلاصہ کہا جاتا ہے۔

7۔ **کتابیاتی کتابیات:** ایسی کتابیات جو دیگر کتابیات کی فہرست پر مبنی ہو کتابیاتی کتابیات کہلاتی ہے۔ اس کی ضرورت دراصل عالمی کتابیات کی جگہ محسوس ہو رہی ہے۔ عالمی کتابیات باقاعدہ اور منظم طور پر مرتب کرنا مشکل ہے۔

کتابیات سازی

کتابیات تیار کرنا ایک تکنیکی فن ہے۔ جس کے اپنے مخصوص تقاضے ہیں۔ جو منصوبہ بندی سے لے کر کتابیاتی خدمات تک پھیلے ہوئے ہیں۔ کتابیات سازی کے لئے ضروری نہیں کہ یہ کام صرف لائبریری ہی انجام دے۔

1۔ مرتب کی خصوصیات

آج تک کتابیات سازی کا کام عموماً ماہرین/ سکالرز/ اساتذہ انجام دیتے رہے ہیں۔ حال میں لائبریریاں بھی اس کام میں شامل ہوئی ہیں۔ کتابیات سازی کے مرتب کرنے والے کے لئے موضوع کا علم ہونا انتہائی ضروری ہے۔ اس کے علاوہ اگر وہ کسی مضمون کا ماہر نہ بھی ہو پھر بھی مندرجہ ذیل خصوصیات کا حامل ہونا چاہیے۔

1۔ اسے مشاہدہ کی زبردست قوت حاصل ہو۔
2۔ بے تعصب اور غیر جانبدار ہو۔
3۔ تجزیاتی اور تحقیقی ذہن رکھتا ہو۔
4۔ سائنٹیفک انداز کا مالک ہو۔
5۔ فیصلہ کی قوت رکھتا ہو۔
6۔ عمدہ شخصیت کا مالک ہو۔
7۔ تفصیلات اور تشبیہات میں جانے کی اہلیت رکھتا ہو۔
8۔ علم کتاب داری اور اصول کتابیات سے واقف ہو۔
10۔ علمی دیانتداری سے کام لے سکتا ہو۔

2۔ منصوبہ بندی

منصوبہ بندی کے اقدام مندرجہ ذیل ہیں:۔

موضوع کا تعارف، کتابیات کا مقصد، اندراجات کا تعین، ترتیب، ماخذ کی فہرست، کتابیات سازی کے لئے مواد/کارڈ وغیرہ، اور اشاریہ سازی۔

3۔ ماخذوں اور حوالوں کی تلاش

کتابیات کے لئے سب سے پہلا ماخذ اصل مواد یا کتابیں ہیں۔ کیونکہ ابتدائی براہ راست اور صحیح معلومات انہی سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ دوسرا ماخذ کتب خانے کا کیٹلاگ ہے۔ تیسرا ماخذ قومی کتابیات اور تجارتی فہرستیں ہیں۔ چوتھا ماخذ اس موضوع پر موجود سابقہ کتابیات ہیں۔ پانچواں ماخذ رسائل اور

اخبارات میں کتابوں میں شائع ہونے والے تبصرے اور تنقیدی رپورٹیں ہیں۔ چھٹا ماخذ ان کتابوں کی دکانیں اور شوروم ہیں۔

ان ماخذوں اور حوالوں کی تلاش کی صحیح جگہ کوئی لائبریری ہی ہوسکتی ہے۔ ماہر کتابیات سازی کو کتب خانوں کے چکر کاٹنے پڑتے ہیں جہاں وہ اصل ماخذ تک رسائی حاصل کرسکتا ہے۔ ذاتی مجموعوں اور ذاتی کتب خانوں تک رسائی حاصل کرنا بھی کتابیات سازی کے لئے ضروری ہے۔

انتخاب:

منتخب کتابیات مرتب کرنے سے پہلے انتخاب کے اصول وضع کرلینا ضروری ہوتے ہیں۔

تیاری

کتابیات کی تیاری کیٹالگ کارڈوں یا یکساں سائز کے کاغذوں پر کی جاتی ہے۔ ہر کتاب کا تذکرہ الگ کارڈ/کاغذ پر ہوتا ہے۔ اس پر مندرجہ ذیل ترتیب کے مطابق اندراجات کئے جاتے ہیں۔

1) موضوع
2) مصنف کا نام/مرتب کا نام/مترجم کا نام
3) کتاب کا نام
4) مقام اشاعت، ناشر، تاریخ اشاعت، صفحات
5) ایڈیشن، سابقہ ایڈیشن
6) مندرجات یا خاکوں کی فہرست (خلاصہ)
7) تعداد جلد (اگر ہو)، قیمت
8) تشریح/توضیح (نوٹ) یا خلاصہ
9) حوالہ، مقام ذخیرہ/کتب خانہ اور ملنے کا مقام

اگر رسائل کی کتابیات مرتب کی جارہی ہوں تو اس کے اندراجات یوں ہوسکتے ہیں:

1۔ اخبار/رسالے کا نام
2۔ مقام اشاعت
3۔ ناشر
4۔ مدیر
5۔ تاریخ (آغاز اشاعت اور اختتام اشاعت)
6۔ موجودہ شمارے کی جلد نمبر شمارہ نمبر تاریخ اشاعت
7۔ مدت اشاعت (روزنامہ/ ہفت روزہ/ ماہنامہ/ سالنامہ)
8۔ زبان
9۔ عموماً صفحات اور سائز
10۔ حلقہ قارئین
11۔ توضیحی نوٹ

ترتیب و پیشکش

کتابیات کی ترتیب عام طور پر الف بائی ہوتی ہے۔ ایک خاص موضوع کے کارڈ یکجا کرکے ان کے مصنفین کے ناموں یا کتابوں کے ناموں یا موضوعات کے لحاظ سے انہیں الف بائی ترتیب دی جاتی ہے۔ اور یوں ان سے اصل مسودہ تیار کرلیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ تاریخ اشاعت کے لحاظ سے بھی کتابیات ترتیب دی جاسکتی ہے۔

جدید ٹیکنالوجی اور کمپیوٹر کا استعمال

کتابیات سازی کے لئے کمپیوٹر کا استعمال ناگزیر ہوتا جارہا ہے۔ بہت سا کام کمپیوٹر پر آسانی سے اور کم وقت میں ہوجاتا ہے۔ تیاری اور پیشکش کے سلسلے میں ایک بات یاد رکھنے کی ہے اس کے لئے کوئی معیاری تکنیک ایسی مرتب نہیں ہوسکی جس کی لازمی پیروی کی جائے۔ لیکن بنیادی بات یہ ہے کہ کتابیات اشاریوں سمیت اس طرح سے مرتب ہو کہ استعمال کرنے والے اسے زیادہ سے زیادہ آسانی سے استعمال کرسکے۔

کتابیاتی خدمات

حوالہ جاتی خدمات میں کتابیاتی خدمت بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ دنیا بھر میں خصوصاً سائنسی مضامین میں کتابیات خدمات پیش کی جارہی ہیں۔ بعض اداروں نے کمپیوٹر سروس بھی شروع کر رکھی ہے۔ ماہرین کے نزدیک ایسے اداروں کے لئے ضروری ہے کہ وہ کم از کم چار سال بعد اپنی کتابیات کا نیا ایڈیشن ضرور شائع کریں۔ اور کتب خانے اپنے ذخیروں کی کتابیاتی معلومات بروقت فراہم کرتے رہیں۔ تاکہ یہ خدمت باحسن انجام دی جاتی رہے۔

☆(اس مضمون کی تیاری میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے کورسز سے رہنمائی لی گئی ہے۔)

حکیم منور احمد عزیز صاحب

درخت جامن کا مختصر تعارف

یہ مشہور قد آور درخت ہے۔ اسے موسم گرما میں پھل لگتا ہے۔ موسم خزاں میں پتے پک کر گر جاتے ہیں اور بہار میں دوبارہ نکل آتے ہیں اس کی اونچائی عموماً تیس سے پچاس فٹ تک ہوجاتی ہے۔ اس کی شاخیں چاروں طرف پھیلی ہوئی ہوتی ہیں۔ پتے لمبے آگے تھوڑی نوک ہوتی ہے بڑے صحت مند درخت کے پتے بعض اوقات ایک بالشت تک لمبے بھی دیکھنے میں آئے ہیں۔ اس کی لکڑی کافی مضبوط ہوتی ہے اس کا وزن فی مکعب فٹ 36 سے 40 پونڈ تک ہوتا ہے۔ اس لکڑی کو گھن دیمک وغیرہ نہیں لگتی۔ اس لئے عمارتی کام اور کاشتکاری کے آلات بنانے میں اکثر کام آتی ہے اس کی چھال چمڑہ پکانے والے اور حکماء بھی استعمال کرتے ہیں۔

مقام پیدائش

شمالی پاکستان سے جنوبی ہندتک ہر جگہ پایا جاتا ہے۔ مزاج سرد خشک درجہ دوم ہے جامن کی اصلاح کیلئے حکماء مرچ سیاہ اور نمک بتاتے ہیں۔

مقدار خوراک

جامن پھل حسب طبیعت رب جامن دو تولہ مغز جامن سوختہ تین ماشہ۔

فوائد

جامن ہاضمہ درست اور کھانا ہضم کرتا ہے۔ گرمی سے سکون دلاتا معدہ اور جگر کو قوت دیتا۔ گرم خون کے جوش کو کم کرتا۔ تلی کے ورم کو کم کرتا۔ صفراوی دستوں کو روکتا ہے۔ اس کی گری قابض ہونے کی وجہ سے اسہال اور ذیابیطس کو نفع دیتی ہے۔ جامن کا فلوئڈ ایکسٹریکٹ مرض ذیابیطس میں بہت استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ اس کے استعمال سے شکر کا آنا بند ہوجاتا ہے۔ بنگال میں ذیابیطس کے مریضوں کو جامن اور آم کا برابر رس دینے کا عام رواج ہے۔

طب یونانی میں شربت جامن ، سرکہ جامن وغیرہ تیار کئے جاتے ہیں۔

جامن کا زیادہ استعمال پھیپھڑوں کو نقصان دیتا ہے اور تپ دق پیدا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ جامن کو ہمیشہ نمک اور مرچ سیاہ یا سونٹھ کے ساتھ کھانا چاہئے۔

چند مفید نسخے

گڑ مار بوٹی، سونٹھ، مغز جامن خشک برابر وزن سفوف تیار کرلیں تین سے چار ماشہ صبح شام پانی یا دودھ کے ہمراہ ذیابیطس میں مفید ہے۔

سفوف ذیابیطس

مغز تخم نیم۔ مغز تخم بکائن۔ مغز تخم آم سوختہ۔ مازو، دانہ الائچی خورد۔ مغز تخم جامن سوختہ۔ سفوف بنا کر تین سے چار ماشہ دو سے تین مرتبہ روزانہ ہمراہ تازہ پانی استعمال کرنا ذیابیطس میں مفید ہے۔

مغز گری آم خشک۔ مغز گری جامن خشک۔ ہلیلہ سیاہ بریاں (بھونی ہوئی) سفوف تیار کریں دو سے تین ماشہ دو مرتبہ ہمراہ پانی۔

سفوف شوگر کنٹرول

چھلکا چنے سیاہ۔ کریلہ خشک۔ مغز تخم جامن۔ اسپند۔ کلونجی تخم جرجیر۔ گڑ مار بوٹی۔ تخم ترب۔ چاکسو۔ مناسب مقدار کے ساتھ سفوف بنا کر دو تین ماشہ دو سے تین مرتبہ یومیہ ہمراہ تازہ پانی کھانا مرض ذیابیطس کیلئے از حد مفید ہے۔ یہ سفوف استعمال کرنے سے شوگر کی مقدار میں کمی ہونا شروع ہوجاتی ہے۔

مکرم ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

ہارٹ اٹیک کی علامات

ہارٹ اٹیک کا مطلب دل کے عضلات کو پہنچنے والا وہ نقصان ہے جو معمولی یا جزوی اٹیک سے لے کر مکمل طور پر کسی بھی درجے میں ہوسکتا ہے۔ بعض صورتوں میں اس کی تلافی ممکن ہوتی ہے۔ لیکن بعض اوقات ایسا ممکن نہیں ہوتا۔ کیونکہ اس کا انحصار حملہ کی شدت پر ہوتا ہے۔

ہارٹ اٹیک کیوں ہوتا ہے؟

ہارٹ اٹیک دل کے عضلات کو خون، آکسیجن اور غذائیت پہنچانے والی نالیوں میں اچانک رکاوٹ سے پیدا ہوتا ہے، جس کے نتیجے میں ان عضلات کو نقصان پہنچتا ہے اور وہ درد سے چیخ اٹھتے ہیں۔

سینے میں بے چینی

اس صورت میں سینے پر بوجھ، دباؤ اور سینے کے درمیان کھچاؤ محسوس ہوسکتا ہے اور درد کی لہر گردن، بازو اور کمر کی طرف جاتی ہوئی محسوس ہوسکتی ہے۔

سانس لینے میں دشواری

سانس لینے میں اچانک دشواری بھی ہارٹ اٹیک کی علامت ہوسکتی ہے اور یہ کیفیت دل کو خون کی فراہمی معمول کے مطابق جاری نہ رکھنے سے پیدا ہوتی ہے۔

پسینہ آنا

ٹھنڈے پسینے، متلی اور قے کی کیفیت ہارٹ اٹیک سے خبردار کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ہارٹ اٹیک کی دوسری علامات بھی محسوس ہوسکتی ہیں۔

کمزوری

مریض کو کمزوری اور سر میں چکر محسوس ہوسکتا ہے۔ خاص طور پر جب وہ کھڑا ہو۔

بیہوش ہونا

بعض لوگ ہارٹ اٹیک کی صورت میں بے ہوش بھی ہوجاتے ہیں۔ یہ تمام علامتیں الگ الگ یا ایک ساتھ ہوسکتی ہیں۔ تاہم ہارٹ اٹیک کے مجموعی واقعات میں دس فیصد صورتوں میں اس قسم کی کوئی علامت یا کیفیت پیدا نہیں ہوتی اور ایسی صورتحال کو خاموش ہارٹ اٹیک کہتے ہیں۔

احباب جماعت کو ہارٹ اٹیک کی علامات سے آگاہی ہونی چاہئے، تاکہ خدانخواستہ ہارٹ اٹیک کی صورت میں فوری طور پر ہسپتال جاکر علاج کروانا چاہئے۔ تاخیر سے ہرگز کام نہیں لینا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو صحت والی لمبی زندگی عطا فرمائے۔ آمین

میانہ روی اختیار کریں۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 72211 میں رضوان احمد ارشد

ولد محمد اشرف قوم جٹ پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالیمن شرقی الف ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 26-7-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ رضوان احمد ارشد۔ گواہ شد نمبر 1 عبدالوحید ولد عبدالمجید۔ گواہ شد نمبر 2 مصور احمد ولد مبشر احمد

مسل نمبر 72212 میں نادیہ سیف

زوجہ سیف الاسلام قوم گھمن پیشہ خانہ داری عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالیمن شرقی الف ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 20-7-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 5 تولے مالیتی اندازاً -/75000 روپے (2) حق مہر بذمہ خاوند -/50000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہو گی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ نادیہ سیف۔ گواہ شد نمبر 1 سیف الاسلام خاوند موصیہ وصیت نمبر 35110۔ گواہ شد نمبر 2 نیر الاسلام مربی سلسلہ وصیت نمبر 34776

مسل نمبر 72213 میں سراج دین ظفر

ولد مہر الدین قوم جٹ پیشہ فارغ عمر 69 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالیمن وسطی حمد ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) ڈیپازٹ سرٹیفکیٹس -/300000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2400 روپے ماہوار بصورت منافع سرٹیفکیٹس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ سراج دین ظفر۔ گواہ شد نمبر 1 نعیم اللہ مانگٹ ولد عنایت اللہ مانگٹ۔ گواہ شد نمبر 2 سعید احمد بدر ولد محمد صادق

مسل نمبر 72214 میں ثمینہ اسلم

بنت محمد اسلم قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالیمن وسطی حمد ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 24-6-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ ثمینہ اسلم۔ گواہ شد نمبر 1 محمد اسلم والد موصیہ۔ گواہ شد نمبر 2 مبارک احمد ولد محمد اسلم

مسل نمبر 72215 میں شبیر احمد

ولد نصیر احمد قوم آرائیں پیشہ ملازمت عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالیمن وسطی سلام ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 2-8-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2500 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ شبیر احمد۔ گواہ شد نمبر 1 خالد محمود ناصر ولد صالح محمد ناصر۔ گواہ شد نمبر 2 لیاقت علی انجم ولد نور محمد

مسل نمبر 72216 میں ناصرہ پروین

زوجہ قدرت اللہ شاد قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 35 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالیمن وسطی سلام ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-7-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر -/50000 روپے (2) طلائی زیور 160-141 گرام مالیتی -/155520 روپے (3) پلاٹ 12 مرلہ واقع دارالنصر غربی اقبال ربوہ کا 1/2 حصہ (4) مشترکہ مکان 24 مرلہ واقع دارالرحمت شرقی ب ربوہ کا ملنے والا حصہ ابھی قابل تقسیم ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ ناصرہ پروین۔ گواہ شد نمبر 1 نعیم احمد ناصر ولد ناصر احمد محمود۔ گواہ شد نمبر 2 قدرت اللہ شاد خاوند موصیہ

مسل نمبر 72217 میں بشارت احمد

ولد عبدالغفور قوم گجر پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالنصر وسطی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 18-7-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/700 روپے ماہوار بصورت وظیفہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اوراگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اوراس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ بشارت احمد۔ گواہ شد نمبر 1 غلام مصطفیٰ ولد غلام رسول۔ گواہ شد نمبر 2 وسیم احمد شاہد وصیت نمبر 39170

مسل نمبر 72218 میں ناہید کوثر

